CANTONMENT BOARD MURREE HILLS

Tele: 051-9269212
E-mail: cbmurreehills@gmail.com

No. 67-52/T-S/81
Dated the 18 Sept, 2024

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department (PID),
B.F Building Zero Point, Islamabad.

Subject: **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

i.	Date of Publication	on or before 21 -09-2024
ii.	Number of insertion	One (01)
iii.	Newspaper (National Dailies)	02 (Urdu) 01 (English)
iv.	Region	Rawalpindi
v.	Language	Urdu & English

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Cantonment Executive Officer
Murree Hills

Encl: **(As above)**

Copy to:-

i. Dy. Director I &III Pub Regulatory Authority,
1st floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

ii. Master File

Scanned with CamScanner

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

شاندار نیلام عام حقوق کرایہ داری

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کینٹ ایریا میں واقع جناح روڈ نزد CMH چوک میں ایک عدد نئی تعمیر شدہ ٹک شاپ/کیفٹیریا کے حقوق کرایہ داری کو عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرائے کی بنیاد پر نیلام کرنا چاہتا ہے۔ نیلامی مورخہ 07 اکتوبر 2024 بوقت 12 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں ہوگی۔ عدم انعقاد کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 08 اکتوبر 2024 بوقت 12 بجے دن ہوگی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد/کمپنیز کو نیلامی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ ٹک شاپ/کیفٹیریا کا سائز درج ذیل ہے۔

۱۔ کیفے روم 877.5 sft ۲۔ سیٹنگ ایریا 370 sft

شرائط نیلام

۱۔ مدت نیلامی قبضے کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ مدت ختم ہونے سے پندرہ دن پہلے ٹک شاپ/کیفٹیریا کینٹ بورڈ مری ہلز کے حوالے کردی جائے گی۔

۲۔ ٹک شاپ/کیفٹیریا کا کرایہ تین ماہ کا ایڈوانس ادا کرنا ہوگا باقی کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ سے پہلے ادا کرنا ہوگا۔

۳۔ ٹک شاپ/کیفٹیریا میں Repair/Maintenance کی تمام تر ذمہ داری کرایہ دار پر ہوگی اور مدت ختم ہونے پر ٹک شاپ/کیفٹیریا جس طرح دیا جائے گا اسی حالت میں کینٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔

۴۔ ماہانہ کرائے میں 10% سالانہ اضافہ ہوتا رہے گا۔

۵۔ کرایہ دار ٹک شاپ/کیفٹیریا/سیٹنگ ایریا سے باہر سامان نہ رکھنے کا پابند ہوگا اور اس دوران اگر سامان باہر رکھتے ہوئے پایا گیا تو کینٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ٹک شاپ/کیفٹیریا کی منظوری کینسل کردے جس پر کرایہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

۶۔ نیلامی شروع ہونے سے پہلے ہر بولی دہندہ کو کال ڈیپازٹ/نقد مبلغ -/500,000 روپے دفتر کینٹ بورڈ مری ہلز جمع کرانا ہوگی۔

۷۔ نیلامی میں شامل ہونے والا نیلامی سے قبل اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرے گا۔

۸۔ کرایہ دار کو بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معائدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہوگی۔

۹۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر تین ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر سیکیورٹی کی رقم کی ادائیگی کی ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کرلیا جائے گا۔

۱۰۔ کرایہ دار کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرنے پر زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کرایہ داری/ٹھیکہ کینسل کردے اور جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

۱۱۔ نادہندہ فرمز یا اشخاص کو مذکورہ بالا نیلام میں شریک ہونے کی اجازت نہیں ہوگی اور جن فرمز یا اشخاص کا کنٹونمنٹ بورڈ مری کے ساتھ کسی بھی عدالت میں کسی قسم کا مقدمہ زیر سماعت ہو تو وہ بھی بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔

۱۲۔ انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا۔

۱۳۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر مری ہلز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وجہ بتا کر کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کردے۔

۱۴۔ کامیاب بولی دہندہ دفتر کینٹ بورڈ سے NOC لیکر اپنے خرچہ پر بجلی اور پانی کا بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۵۔ کامیاب بولی دہندہ ایک ہفتہ کے اندر مبلغ -/3000 روپے کے اشٹام پیپر پر کینٹ بورڈ سے تحریری معائدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۶۔ کنٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس راولپنڈی ریجن ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔ کرایہ دار اس فیصلے کو کسی دوسری عدالت میں چیلنج نہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۷۔ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی دوسری پارٹی/اشخاص کو Sublet کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

۱۸۔ مزید معلومات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران اس نمبر پر 051-9269212 پر معلوم کرسکتے ہیں۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
مری ہلز

CS Scanned with CamScanner